SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
November 21, 2016

**SECP's institutes various reforms to facilitate in corporation of companies**

ISLAMABAD, November 21: Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has recently instituted various reforms to ensure that the requirements of the Companies Ordinance, 2016 (Company Law) are understood by all the stakeholders and the facilitation for incorporation of companies as outlined in the Company Law is provided to the general public.

In order to implement the Company Law and to create awareness of the revised provisions, notices have been sent to all local and foreign companies to comply with the provisions related to global register for beneficial ownership of shareholders, directors and officers of the company. Notices to around 950 foreign companies have been issued to provide the required information within 30 days. In addition, 75,000 local companies have been advised to provide the required information within 60 days.
The SECP chairman has also constituted a committee, which will apprise the corporate sector on the new law and shall respond to all queries from all the stakeholders, including the general public.

In order to promote corporatization, the SECP has restructured operations at the Company Registration Offices at its three major offices situated in Islamabad, Lahore and Karachi. Incorporation and Facilitation Desks have been established, which would ensure facilitation to the public so that the companies are incorporated within a day.

Furthermore, to reduce the turnaround time in business start-up and ease the process of incorporation, registration of companies with a single object has been allowed under the new Company Law, which will enable registration of companies on the same day subject to the condition that the company formation documents are filed under online mode. This swift mode of registration is likely to further encourage corporatization of the business sector.

To ensure speedy provision of justice to the public, the SECP has requested the Ministry of Finance to take up the matter with the relevant authorities to notify special courts required to be established under section 3 of the offences in respect of the Banks (Special Courts) Ordinance, 1984, or any other special courts as deemed appropriate, for dealing with the SECP cases. The SECP’s recent reforms testify to its strong commitment to providing an enabling environment for corporatization in the country.

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

کمپنیز آرڈیننس ۲۰۱۶ کی تشہیر اور آگاہی کے لئے ایس ای سی پی کی اصلاحات اور اقدامات

اسلام آباد، ۲۱ نومبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان (ایس ای سی پی) نے تمام سٹیک ہولڈرز کو کمپنیز آرڈیننس ۲۰۱۶ (کمپنی لاء) کے تقاضوں اور عوام الناس کو نئے کمپنی لاء میں کمپنیوں کی تشکیل کے طریقہ کار سے روشناس کروانے کے لئے متعدد اصلاحات متعارف کروائی ہیں۔

کمپنی لاء کو نافذ کرنے اور نظرثانی شدہ شقوں کے بارے میں آگہی فراہم کرنے کے لئے تمام قومی اور بین الاقوامی کمپنیوں کو نوٹسز بھجوائے جا چکے ہیں کہ وہ حصص داروں، ڈائریکٹروں اور افسروں کے بین الاقوامی رجسٹر برائے سود مند ملکیت کے تقاضوں کی فوری طور پر تعمیل کریں۔ان نوٹسز میں نو سو پچاس غیر ملکی کمپنیوں کو تیس دن کے اندر اندر مطلوبہ معلومات فراہم کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔اسی طرح پچھتر ہزار مقامی کمپنیوں کو ساٹھ دن کے اندر اندر مطلوبہ معلومات فراہم کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔ چیئرمین ایس ای سی پی نے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے جو کاروباری شعبہ کو نئے قوانین کے بارے میں ضروری وضاحتیں فراہم کرے گی اور تمام سٹیک ہولڈرز اور عوام الناس کے سوالات کے جواب دے گی۔

کارپوریٹائزیشن کو فروغ دینے کے لئے ایس ای سی پی نے تین بڑے شہروں اسلام آباد، لاہور اور کراچی میں موجود اپنے کمپنی رجسٹریشن دفاتر میں کام کے طریقہ کار میں انقلابی تبدیلیاں کی ہیں۔ سہولیات اور انکارپوریشن ڈیسک قائم کئے گئے ہیں تاکہ درخواست کنندگان کے لئے ایک دن کے اندر اندر کمپنی انکارپوریٹ کروانے میں معاونت کی جا سکے۔ مزید برآں، کاروبار شروع کرنے کے لئے صرف ہونے والے وقت میں کمی لانے اور انکارپوریشن کا عمل آسان بنانے اور کمپنیوں کے لئے نئے قانون میں یک مقصدی کمپنیوں کی رجسٹریشن کی بھی اجازت دے دی گئی ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

ان اصلاحات کے ذریعے کمپنی کی تشکیلی دستاویزات آن لائن جمع کروائے جانے کی صورت میں اُسی دن کمپنیوں کی رجسٹریشن یقینی بنانا ممکن ہو جائے گا۔رجسٹریشن کے اس تیز طریقہ کار کے ذریعے کاروباری شعبہ کو کارپوریٹائزیشن کی جانب راغب کرنے میں مزید مدد ملے گی۔

عوام الناس کو انصاف کی فوری فراہمی یقینی بنانے کے لئے،ایس ای سی پی نے وزارتِ خزانہ سے درخواست کی ہے کہ ایس ای سی پی سے متعلقہ مقدمات سے نمٹنے کے لئے بینکوں سے منسلکہ جرائم کی مد میں (خصوصی عدالیتیں) آرڈیننس ۱۹۸۴ کے دفعہ ۳ کے تحت مطلوب خصوصی عدالتوں یا دیگر عدالتوں کے قیام کا معاملہ متعلقہ حکام کے ساتھ اٹھایا جائے۔ یہ اصلاحات ایس ای سی پی کے اس عزم کو ظاہر کرتی ہیں کہ ملک میں کارپوریٹائزیشن کے لئے ایک سازگار ماحول فراہم کر دیا جائے۔